© rasailojaraid.com

دیا۔ سربجیت سنگھ کی رہائی کے سفارشی چوہدری شجاعت حسین تھے مگر اسے غیرت مند قیدیوں نے مارڈالا۔ ان حقائق کی روشنی میں اپنی داخلی کمزوریوں اور بھارت کی منہ زوریوں کا حال پڑھ لیں۔ امریکہ ہرگز نہیں چاہتا کہ یہ مسئلہ حل ہو اور نہ ہی بھارت اتنا کمزور ہے کہ وہ اپنے معاملات چودھریوں اور ثالثوں کے کہنے پر طے کرے۔

## مصری صدر کا حشر

مصری فوج نے صدر مرسی کی جائز اور قانونی حکومت کا تختہ الٹ کر صدر اور اس کی کابینہ کو جیل میں ڈال دیا ہے۔ مصری فوج کا مزاج ہماری فوج جیسا ہے۔ یہاں بھی یہی ہوتا آرہا ہے۔ آگے کا حال اللہ کو معلوم ہے۔ ہم برطانوی جمہوریت پر تین حرف بھیجتے ہیں۔ ہم اس اسلامی جمہوریت کے علمبردار ہیں جس کے تحت خلفائے راشدین برسرِ اقتدار آئے تھے۔ بہر حال مصری عوام کا اسلامی مزاج، ناصر سے لے کر حسنی مبارک تک کے استبدادی حکمران نہیں بدل سکے۔

اخوان تحریک، اسلام کی نام لیوا ہے اور ہم اس کے طریقہ کار سے جزوی اختلاف کے باوجود اس کے حامی ہیں۔ صدر مرسی کا اقتدار، اس حقیقت پر دال ہے کہ مصری مسلمان، کئی کمزوریوں کے باوجود، اسلامی حکومت کے دل دادہ ہیں مگر فوج اور فوجی ڈکٹیٹران کی دال نہیں گلنے دیتے کم وبیش یہی ہماری کیفیت ہے کہ مسلم عوام کی غالب اکثریت اسلام کی پرستار ہے مگر سیکولر حکمران اور فوجی ڈکٹیٹران کی مرضی کے الٹ ان پر مسلط رہتے ہیں۔ گو کہ ہمارے ہاں اسلام بڑا توانا ہے مگر دینی اسلامی سیاسی جماعتوں کی فقہی لڑائی یہاں غلبہ ونفاذِ اسلام کی راہ میں خود بڑی رکاوٹ ہیں۔ امریکہ یہاں سیکولر قوتوں کی سرپرستی کرتا ہے تاکہ یہاں اسلام حکمران نہ ہو۔ وہ اسلام کی جگہ صوفی اسلام کا سرپرست ہے کیونکہ صوفی اسلام کے مقاصد کی راہ نہیں روکتا اسی لیے اس نے مشرف دور میں صوفی کونسل قائم کرائی اور چودھری شجاعت حسین کو چیف صوفی بنا کر، صوفیائے عظام کا سردار بنادیا۔ کیا یہ حیرت انگیز نہیں ہے کہ امریکہ صوفی اسلام کی سرپرستی اور انقلابی اسلام کی مخالفت کر رہا ہے۔

## سیلاب زدگان اور زلزلہ زدگان کیلئے تعاون کی اپیل

مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کی اپیل پر مقامی جماعت نے فنڈ جمع کر کے مرکز کو ایک خطیر رقم بھیجی ہے اس سلسلے میں رئیس الجامعہ نے سیلاب زدگان اور بلوچستان کے زلزلہ زدگان کیلئے مزید رقم جمع کرنے کیلئے جماعت سے مزید فنڈ جمع کرنے کی اپیل کی ہے۔



© rasailojaraid.com